© rasailojaraid.com

میں اس کی ایک ہلکی سی آنچ آپ کو بھی محسوس ہو۔ یہی اس کتاب کا جواز ہے''۔

پاکستان کی تاریخ' آزادیٔ کشمیر اور پاکستانی ثقافت کے علاوہ پانچ مضامین علامہ اقبال پر اور ایک ایک مضمون قائداعظم' ضیاء الحق اور محمد صلاح الدین پر ہے۔ ناروے میں اردو کی صورت حال اور وہاں مقیم پاکستانیوں کو درپیش کچھ دُوسرے مسائل بھی زیربحث آئے ہیں۔ بلاشبہ ان مضامین میں ایک ایسے پاکستانی مسلمان کے احساسات کی خوشبو رچی بسی ہے جس نے یہ سب کچھ خلوص' دردمندی اور دل سوزی کے ساتھ لکھا ہے۔ (ر-ہ)

**جدید عربی ایسے بولیے**' بدرالزماں قاسمی کیرانوی۔ ناشر: مکتبہ المعارف' بنوری ٹاؤن' کراچی۔ صفحات: ۲۵۶۔ قیمت: درج نہیں۔

بدرالزماں قاسمی کیرانوی' نامور عالم دین وحید الزماں کیرانوی کے صاحبزادے ہیں۔ اس جامع کتاب میں مولف نے مختلف مواقع کی روزمرہ گفتگو کے نمونے دیے ہیں۔ اردو ترجمہ بھی دیا ہے تاکہ عربی زبان سے دل چسپی رکھنے والے' عام بول چال کی زبان سے واقفیت چاہنے والے' اور جدید عربی گفتگو کے شائقین بھی استفادہ کرسکیں۔ اس کتاب کی تین نمایاں خصوصیات ہیں: ۱- بنیادی عربی سے آگہی حاصل کرنے کے لیے ضروری الفاظ کو یک جا کر دیا گیا ہے' ۲- ایئرپورٹ پر انٹرویو کے موقع پر اور ملاقات اور سفر کے دوران درپیش جملوں کا تفصیلی تذکرہ ہے' ۳- سائنس اور ٹکنالوجی کے جو الفاظ عربی زبان میں شامل ہوئے ہیں' اُن کا اندراج ہے۔ ابتدا میں ناشر یہ وضاحت کر دیتے کہ یہ کتاب بھارتی مصنف کی ہے تو کوئی حرج نہ تھا۔ بہرحال ایک قابل قدر کاوش ہے اور بنیادی عربی سیکھنے والوں کے لیے ایک اچھا تحفہ ہے! (محمد ایوب منیر)

**میڈیا وار**' طلعت افشاں فیروز۔ ناشر: ادارہ ابلاغ فن و ادب' کراچی۔ پتا: مکتبہ تعمیر افکار' عقب بقائی ہسپتال' ناظم آباد' کراچی۔ صفحات: ۱۲۷۔ قیمت: ۵۰ روپے۔

بقول مصنفہ: برائی ہر زاویے سے' ہر پہلو سے محل اور جھگی نشینوں تک یکساں پہنچائی جا رہی ہے' اور برائی کا یہ عفریت جس کا نام میڈیا ہے' ہر وقت' ہر جگہ اپنی اندھیری یلغار سے نیکی اور اخلاق کے چراغ گل کرتا جا رہا ہے' تو کیا مسلمان کا فرض نہیں بنتا کہ وہ ان اندھیروں کو اُجالوں میں بدلنے کے لیے ایک نئی تڑپ اور ولولے کے ساتھ اٹھے! شرما کر نہیں' ڈر کر نہیں بلکہ ایک کڑک کے ساتھ برملا دنیا کی پہچان کرا دے''۔

میڈیا کی تعریف' اس کی مختلف صورتوں (اخبارات' ٹی وی' اشتہارات' انٹرنیٹ' انفارمیشن ٹکنالوجی وغیرہ) کے قابل اعتراض پروگراموں اور اخلاقی پہلوؤں وغیرہ کے بارے میں تعارفی معلومات مہیا کی گئی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


ہیں۔ ''میڈیا دراصل وہ میدان ہے جہاں ریس لگانے سے آپ کسی کو نہیں روک سکتے۔ لیکن اگر آپ کھڑے رہے تو لوگ آپ کو روندتے ہوئے آگے بڑھ جائیں گے''۔ مصنفہ کہتی ہیں کہ ہمیں پوری قوت اور اعتماد کے ساتھ اپنے ذرائع اور وسائل کو بروے کار لاتے ہوئے اپنے عقائد اور نظریات کو پھیلانا ہوگا۔ (ر-ہ)

## تعارف کتب

☆ فہم دین و اسلام' مرتب: فیروز احمد سمیع' ناشر: ادارہ ابلاغ فن و ادب' کراچی۔ پتا: تعمیر افکار' عقب بقائی ہسپتال' ناظم آباد' کراچی۔ صفحات: ۱۹۲۔ قیمت: ۶۰ روپے۔ [مصنف نے اپنے حاصلِ مطالعہ کو قدرے مختلف اور نئے انداز میں مختلف عنوانات (ایمان مفصل' عقیدۂ توحید' عقیدۂ رسالت' فہم رسالت' فہم دین' نماز' روزہ' زکوٰۃ' حج' جہاد' شریعت) کے تحت مرتب کر دیا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ ''جس قدر نیکی سمیٹ لی جائے' بہتر ہے''۔]

☆ ماہنامہ ''القاسم'' 'مفتی کفایت اللہ نمبر' عبدالقیوم حقانی۔ ناشر: جامعہ ابوہریرہ' خالق آباد' نوشہرہ۔ صفحات: ۲۲۸۔ جہازی سائز' قیمت: درج نہیں۔ [مولانا مفتی محمد کفایت اللہؒ (م: ۳۱ دسمبر ۱۹۵۲ء) کی حیات اور شخصیت پر الجمعیت دہلی کے خاص نمبروں کی اشاعتِ نو' مع اضافہ متعدد مضامین]

☆ اللہ ہی رب ہے' عزیز الرحمٰن کاکاخیل (مرحوم) المعروف بادشاہ۔ پتا: شمس الرحمٰن کاکاخیل' بادشاہ ہاؤس' کالج روڈ' منڈیاں' ایبٹ آباد۔ صفحات: ۲۷۲۔ قیمت: ''آپ سے کسی اجر کا خواہاں نہیں''۔ [گو کہ فہرست عنوانات میں (ایمان باللہ' قرب الٰہی' کائنات کی تخلیق' فنا باللہ المبدی والمعید' ہدہد کی گواہی وغیرہ) موجود ہے' مگر اظہار خیال فی البدیہہ' خطبات مسلسل کی صورت میں کیا گیا ہے۔ گفتگو کی بنیاد قرآن حکیم ہے یا حدیث]

☆ صراط العزیز الحمید' عزیز الرحمٰن کاکاخیل (مرحوم) المعروف بادشاہ: پتا: شمس الرحمٰن کاکاخیل' بادشاہ ہاؤس' کالج روڈ' منڈیاں' ایبٹ آباد۔ صفحات: ۳۰۸۔ قیمت: ''آپ سے کسی اجر کا خواہاں نہیں''۔ [''قرآن مجید' کتب احادیث اور علماے کرام کی تصانیف سے چناؤ..... مختلف پھولوں سے ..... رس چوس کر شہد تیار'' کیا گیا ہے۔ عنوانات: توبہ' کلمہ طیبہ' شرک' حلال و حرام' نماز' زکوٰۃ' روزہ' حج' سود' تقویٰ' رزق' اخلاقیات وغیرہ]

☆ پاکیزہ خیال اور تعمیر افکار' فیروز احمد سمیع۔ ناشر: ادارہ ابلاغ فن و ادب' پتا: مکتبہ تعمیر افکار' عقب بقائی ہسپتال' ناظم آباد' کراچی۔ صفحات: ۲۴۷۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔ [مختلف موضوعات (فریضہ اقامت دین' نظام معیشت' معاشرتی زندگی' اخلاقی نظریہ' بنیادی حقوق' سیاسی نظریہ' دعوت و حکمت' داعی حق' دین کی تعبیر' تعلق باللہ وغیرہ) پر مختلف کتابوں سے اخذ کردہ مولف کا حاصل مطالعہ' آسان اور عام فہم انداز]

☆ سنت کی حیثیت اور رہنما حدیثیں' مرتب: فیروز احمد سمیع۔ ناشر: ادارہ ابلاغ فن و ادب۔ کراچی۔ پتا: مکتبہ تعمیر افکار' عقب بقائی ہسپتال' ناظم آباد' کراچی۔ صفحات: ۱۹۲۔ قیمت: ۶۰ روپے۔ [احادیث (متن + ترجمہ + مختصر تشریح) کا ایک انتخاب راہ عمل اور زادِ راہ جیسے مجموعوں کے بعض حصوں کی عکسی نقل شامل کی گئی ہے۔ ابتدا میں ''سنت اور منکرین حدیث''، ''سنت کی حفاظت'' اور احادیث نبویؐ کے بارے میں تعارفی معلومات --- عمومی مطالعے کے لیے مفید ترتیبی کتاب]

© rasailojaraid.com